# Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 13 Short Questions Test

Q1. سورۃ ال عمران کے دو اور نام تحریر کریں-

**Ans 1:** سورۃ آل عمران کا ایک امان اور ایک نام زہراہے.

---

Q2. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

**Ans 1:** سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طوریل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

---

Q3. سورۃ الانفال کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

**Ans 1:** 1- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرنے سے شکر کا جذبہ پیدا ہوتاہے. 2- دین اسلام میں جہاد کا اہم مقصد فتنے کا خاتمہ اور اللہ تعالی کی زمین پر اس کے دین کا غلبہ ہے.

---

Q4. سورۃ التوبہ میں مسلمانوں کو کس نجات کی بات کی تھی.

**Ans 1:** سورۃ التوبہ میں مسلمانوں کا منافقین سے نجات دینے کی بھی بات کی گئی ہے کیوں کہ اس سورت میں منافقین کی سزا کے متعلق آیت نازل ہوئی جس کے نتیجے میں نبی کریم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نکال دیا اور عذاب قبر سے پہلے ہی زلت ورسوائی ان کا مقدر بنی.

---

Q5. اسلام سے پہلے مال غنیمت کے بارے میں کیا تصور تھا؟

**Ans 1:** ظہور اسلام سے قبل ہونے والی جنگوں میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ میدان جنگ میں و مال جس کے ہاتھ آگیا وہ اسی کی ملکیت ہے- اس زمانے میں لوگ مال و دولت کے حصول کے لیے بھی جنگوں میں شریک ہوتے تھے- سورۃ االانفال میں اس جاہلانہ تسوّر کی نفی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام میں جہاد کا مقصد صرف اور صرف اللہ تعالی کی رضا حاصل کرنا ہے.

---

Q6. سورہ البقرہ میں کس آیات میں گائے کا زکرہے.

**Ans 1:** سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ ہے جسے زبح کرنے کا حکم ہے.بنی اسرائیل کو دیا گیا تھا.

---

Q7. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

**Ans 1:** سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

---

Q8. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

**Ans 1:** مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

Q9. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

**Ans 1:** بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

Q10. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

**Ans 1:** سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں